درس صحیح مسلم فی ضوء تکملہ فتح الملہم (حصہ اول)

عصر حاضر کے نامور اور جید اہل علم میں حضرت مولانا محمد تقی عثمانی دام مجدہم کا نام نامی تعارف کا محتاج نہیں۔ ان کے علمی و فقہی کارناموں کی فہرست بڑی طویل ہے تاہم ان میں صحیح مسلم کی شرح تکملہ فتح الملہم سرفہرست ہے۔ عالم اسلام کے ممتاز اہل علم نے اسے صحیح مسلم کی اب تک لکھی جانے والی تمام شروح میں فائق اور مستند ترین تسلیم کیا ہے۔

مولانا محترم کے فاضل تلمیذ مولانا محمد اسلم صاحب شیخوپوری نے زیر نظر کتاب "درس صحیح مسلم" میں تکملہ فتح الملہم کے کتاب الرضاع سے صحبۃ الممالیک تک کے مباحث کی اردو میں تلخیص کی ہے اور اس طرح اردو خواں طبقے کے لیے ان اہم علمی مباحث تک رسائی اور ان سے استفادہ کا سامان بہم پہنچایا ہے۔ کتاب کا حسن تالیف مرتب کے حسن ذوق کا مظہر ہے۔ مرتب موصوف تکملہ کے باقی مباحث کو بھی اسی طرز پر اردو زبان میں منتقل کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ اللھم وفق

۵۰۰ صفحات پر مشتمل اس کتاب کی قیمت ۱۰۰ روپے ہے اور اسے مکتبہ حلیمیہ سائٹ کراچی نے شائع کیا ہے۔ (ع-ن)

بخاریؒ کی باتیں

زیر نظر مجموعہ میں جناب سید امین گیلانی نے امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاریؒ کے ساتھ طویل رفاقت کے حوالے سے اپنی یادداشتیں مرتب کی ہیں جن کے ضمن میں شاہ صاحبؒ کے ذوق و مزاج، طرز فکر، ان کے سفر و حضر اور مجالس کے واقعات و ارشادات اور دینی خدمات کا تذکرہ خوبصورت انداز میں آگیا ہے۔

کمپیوٹرائزڈ کتابت اور مناسب طباعت کے ساتھ ۱۴۶ صفحات پر مشتمل اس کتاب کی قیمت ۸۰ روپے ہے اور اسے مکتبہ محمودیہ گلی ۷، شیراز پارک، فیصل آباد نے شائع کیا ہے۔ (ع-ن)

شرعی علاج (صفحات ۱۱۲) وظائف نبوی (صفحات ۱۲۸)

مولانا ظفر احمد صاحب قادری نے زیر نظر دو کتابوں میں روز مرہ معمولات کے لیے